Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

25 ستمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

جب کہ ہماری عمارتیں کھل گئی ہیں اور آپ کا بچہ اپنی اسکول کی برادری سےرابطے میں آ رہا ہے، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اس قوم کے سب سے بڑے اسکول نظام کو چلانا ہم سب سے کتنی محنت طلب کرتا ہے۔ ہمارے 1.1 ملین طلبا میں سے ہر ایک کی خدمت کرنے کے لیے بے انتہا مقدار میں ذرائع کی ضروت ہوتی ہے، اور فی الحال وفاقی حکومت اتنا سرمایہ فراہم نہیں کر رہی ہے جسکی ہمارے شہر کو اشد ضرورت ہے۔

آپ 2020 ریاستہائے متحدہ مردم شماری کو مکمل کرکے بے انتہا فرق لا سکتے ہیں۔ جبکہ مردم شماری کی حتمی تاریخ کو عارضی طور پر توسیع دی گئی ہے، میں پھر بھی خاندانوں سے اسے آج ہی مکمل کرنے کی گزارش کرونگا کیونکہ حتمی آخری تاریخ کا ابھی تعین نہیں کیا گیا ہے۔ یہ ایک مختصر آن لائن سروے نیو یارک کے تمام رہائشیوں کی گنتی کرنے کے لیے ہے، اور یہ ہر دس سال بعد صرف بار ایک ہوتا ہے۔ اس کو مکمل کرنے سے ہمارے شہر کو وفاقی حکومت سے رقم، اختیار اور احترام ملنا یقینی ہو جاتا ہے، جس کے ہم حقدار ہے۔

آبادی کی ایک درست مردم شماری کی عدم موجودگی کی وجہ سے، ہمارا شہر، ہمارے اسکولوں، بلکہ اس کے علاوہ صحتی نگہداشت، سڑکوں، ہسپتالوں، عوامی نقل وحمل اور دیگر کے لیے وفاق سے ملنے والےکئی بلین ڈالرزکے سرمائے سےمحروم ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ نیو یارک کانگریس میں دو نشستیں بھی کھو سکتا ہے۔

ذیل میں دیکھیں کہ اسے فوراً کس طرح مکمل کریں:

ریاستِ ہائے متحدہ مردم شماری کو کیسے مکمل کیا جائے

- آن لائن my2020census.gov پر جائیں
- اسے مکمل کرنے میں پانچ یا اس سے کم منٹ لگیں گے۔
- یہ مردم شماری آن لائن 15 زبانوں میں دستیاب ہے۔

مردم شماری محفوظ اور خفیہ ہے

- مردم شماری تمام رہائشیوں کی گنتی کرتا ہے، قطع نظر کہ شہریت یا نقل وطنی کی حیثیت کیا ہے—لہٰذا، مردم شماری میں شہریت کے بارے میں سوال شامل نہیں ہے۔
- اگرچہ کہ آپ بغیر دستاویزات کے ہیں، فارم مکمل کرنے سے آپ کو یا آپ کے خاندان کو کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔
- مردم شماری کے جوابات خفیہ ہوتے ہیں، جنہیں وفاقی قانون تحفظ دیتا ہے، انتہائی رازداری میں رکھے جاتے ہیں اور اسے آپ کے خلاف کبھی بھی کوئی عدالت، سرکاری ادارے، قانون نافذ کرنے والے ادارے یا تیسرے فریق جیسے کوئی کاروبار یا آپ کا مالک مکان استعمال نہیں کر سکتا۔

کم گنتی شمار ہونے سے ہمیں بہت زیادہ نقصان ہونے کا احتمال ہے، لہٰذا برائے مہربانی مردم شماری مکمل کریں اگر آپ نے اب تک نہیں کیا ہے اور اپنے دوستوں اور اہل خانہ کی بھی ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

نیویارک کے تمام مکینوں کی صحیح گنتی کو یقینی بنانا ہمارے شہر اور ہمارے بچوں کے ایک روشن مستقبل کی ضمانت کے لیے بہت ضروری ہے۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم